01-10-2025

08.30 Hrs

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　　　اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- وزیراعظم نریندر مودی آج صبح نئی دلی میں، راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ کے قیام کو 100 سال پورے ہونے کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔

2- رِزرو بینک آج اپنی دو ماہی مالی پالیسی کا اعلان کرے گا۔

3- بھارت اور EFTA کے چار ملکوں کے درمیان آزاد تجارت کا سمجھوتہ آج سے نافذ ہو رہا ہے۔

4- سرکار نے Unified پینشن اسکیم اختیار کرنے کیلئے وقت کی حد اِس سال 30 نومبر تک بڑھادی ہے۔

5- درگا نومی آج ملک کے مختلف حصوں میں مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔

6- اور کرکٹ میں: گوہاٹی میں خواتین کے ICC ورلڈ کپ کے پہلے میچ میں بھارت نے ڈَک ورتھ لوئس ضابطے کے تحت سری لنکا کو 59 رن سے ہرا دیا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Centenary Celebrations

وزیراعظم نریندر مودی آج صبح نئی دلی میں راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ RSS کے قیام کے 100 سال مکمل ہونے کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ اِن تقریبات میں RSS کی وراثت، اُس کی ثقافتی دَین اور ملک کے اتحاد میں اُس کے رول کو اجاگر کیا جائے گا۔

اِس موقع پر وزیراعظم ملک کی تعمیر میں RSS کے رول کو اجاگر کرتے ہوئے خاص طور پر ڈیزائن کیا گیا ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ اور سکّہ بھی جاری کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

کیشو بلی رام Hedgewar نے 1925 میں RSS قائم کی تھی۔ لوگوں میں ثقافتی بیداری، ڈسپلن، خدمت اور سماجی ذمہ داری کو بڑھاوا دینے کیلئے رضاکاروں پر مبنی یہ تنظیم قائم کی گئی تھی۔ RSS قومی تعمیرِ نو کیلئے عوام کی شمولیت سے فروغ پانے والی ایک منفرد تحریک ہے، جس نے تعلیم، صحت، سماجی بہبود اور قدرتی آفات کی صورت میں راحت پہنچانے میں نمایاں رول ادا کیا ہے۔

گذشتہ 100 سال میں RSS کے رضاکار سیلاب، زلزلے اور سمندری طوفان سمیت قدرتی آفات کے دوران راحت اور بازآباد کاری کی کوششوں میں سرگرمی کے ساتھ شامل رہے ہیں۔ اِس کے علاوہ RSS سے وابستہ مختلف تنظیموں نے بھی عوامی شمولیت کو بڑھاوا دے کر

اور مقامی برادریوں کو مستحکم بناکر نوجوانوں، خواتین اور کسانوں کو بااختیار بنانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔

من کی بات میں اِس تنظیم کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا تھا کہ RSS نظریاتی غلامی سے بھارتی شہریوں کو آزاد کرانے کیلئے قائم کی گئی تھی۔ جناب مودی نے کسی بھی طرح کے بحران کی کیفیت یا قدرتی آفات کی صورت میں راحت فراہم کرنے میں RSS کے اہم رول کو بھی سراہا تھا۔

RSSکے قیام کو 100 سال مکمل ہونے کی تقریبات میں نہ صرف اُس کی تاریخی کامیابیوں کو اجاگر کیا جائے گا بلکہ بھارت کے ثقافتی سفر میں اُس کے پائیدار رول اور قومی اتحاد کے اُس کے پیغام کو بھی اجاگر کیا جائے گا۔

امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں....

## RBI Monetary Policy

بھارتیہ ریزرو بینک RBI آج اپنی مالی پالیسی کا اعلان کرے گا۔ RBI کی مالی پالیسی کی کمیٹی MPC کی تین روزہ میٹنگ، اقتصادی صورتحال کا جائزہ لینے اور کلیدی پالیسی شرحیں طے کرنے کے لیے، ممبئی میں پیر کو شروع ہوئی تھی۔

RBIکے گورنر سنجے ملہوترا اِس میٹنگ کے نتائج کا اعلان آج صبح 10 بجے کریں گے۔ مارکٹس، کمپنیاں اور پالیسی ساز، اس اعلان کے بے صبری سے منتظر ہیں، کیونکہ اِس پالیسی کے اثرات قرضے لینے اور دینے کی شرحوں اور مجموعی اقتصادی سرگرمیوں پر پڑتے ہیں۔

پچھلی پالیسی میٹنگ میں، جو اگست میں منعقد ہوئی تھی، MPCنے ریپوریٹ میں، جو ساڑھے پانچ فیصد تھی، کوئی تبدیلی نہیں کی تھی۔×

## RBI Inoperative Accounts

بھارتیہ ریزرو بینک نے، ایک اسکیم کا اعلان کیا ہے۔ یہ اسکیم معاوضوں کی رقم کی تیزی سے ادائیگی، ایسے کھاتوں کو دوبارہ شروع کرنے، جن کے تحت رقوم کا لین دین نہیں کیا جا رہا ہے یا ایسی رقوم کی واپسی کے لیے ہے، جن پر کسی کا دعویٰ نہیں ہے۔ اِس اسکیم کی مدّت ایک سال ہے اور یہ آج سے شروع ہو رہی ہے۔ یہ اسکیم 30 ستمبر 2026 تک جاری رہے گی۔

اِس اسکیم سے لوگوں کی اِس بات کے لیے حوصلہ افزائی ہوگی کہ وہ اپنے غیر فعال کھاتوں میں رقوم کا لین دین دوبارہ شروع کریں اور اپنی اُن رقوم پر دعوے کریں، جو انہوں نے بینکوں میں جمع کی ہوئی ہیں۔

اسی طرح RBI نے اِس اسکیم کے تحت فیصلہ کیا ہے کہ بینکوں کی بھی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ اپنے صارفین اور رقم جمع کرانے والوں کے ساتھ سرگرمی سے وابستہ رہیں تاکہ وہ اپنے غیر فعال کھاتوں کو دوبارہ شروع کریں اور ایسی جمع رقوم کی واپسی کریں، جن پر کسی نے دعویٰ نہیں کیا ہے۔

اِس اسکیم کا مقصد بغیر دعوے والی جمع رقوم کو کم کرنا اور DEA فنڈ میں رقوم کی آمدورفت کو نئے سرے سے فعال بنانا ہے۔x

Finance Small Saving

موجودہ مالی سال کی تیسری سہ ماہی کیلئے چھوٹی بچت کی مختلف اسکیموں پر شرح سود میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ اِس طرح آج سے 31 دسمبر تک شرح سود جوں کی توں برقرار رہے گی۔ وزارت خزانہ کے تحت اقتصادی امور کے محکمے نے اِس سلسلے میں ایک نوٹفکیشن جاری کیا ہے۔

اِس تناظر میں پبلک پرووِیڈینٹ فنڈ PPFپر شرح سود بدستور سات اعشاریہ ایک فیصد اور قومی بچت سرٹیفکٹ پر سات اعشاریہ سات فیصد برقرار رہے گی۔

بزرگ شہریوں کی بچت اسکیم SCSS اور سُکنیہ سمردھی اسکیم کے تحت جمع رقومات پر شرح سود آٹھ اعشاریہ دو فیصد ہی رہے گی۔x

Morn. India TEPA

بھارت-یوروپی آزاد تجارتی ایسوسی ایشن EFTA کے، تجارت اور اقتصادی شراکت داری کے معاہدے TEPA پر آج سے عمل شروع ہوجائے گا۔ اِس معاہدے پر نئی دلّی میں پچھلے سال 10 مارچ کو دستخط کئے گئے تھے۔

EFTAایک اہم علاقائی گروپ ہے جس کے تحت اشیا اور خدمات کے شعبے میں بین الاقوامی تجارت کو بڑھاوا دینے کے بہت سے موقعے ابھر رہے ہیں۔EFTA ، آئس لینڈ Liechtenstein، ناروے اور سوئٹزرلینڈ پر مشتمل ہے، جن میں سوئٹزرلینڈ، بھارت کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے اور اُس کے بعد ناروے کا نمبر ہے۔

تجارت اور اقتصادی شراکت داری کا معاہدہ ایک جدید اور امید افزا معاہدہ ہے، جس میں پہلی مرتبہ کوئی ایسا آزاد تجارتی معاہدہ شامل کیا گیا ہے جس پر بھارت نے دستخط کئے ہیں۔ یہ معاہدہ سرمایہ کاری اور روزگار کے موقعوں کی تشکیل کے تئیں ایک عہد ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC - Aman

اس معاہدے میں اشیا، تجارتی سہولیات، سرمایہ کاری کے فروغ، دانشورانہ اِملاک کے حقوق، تجارت اور پائیدار ترقی سے متعلق مارکیٹ میں رسائی پر توجہ دی گئی ہے۔ اِس کے تحت EFTA کی مارکیٹ رسائی میں 100 فیصد غیرزرعی مصنوعات اور ڈبہ بند زرعی مصنوعات پر محصول میں رعایت کو شامل کیا گیا ہے۔ اِس معاہدے میں اگلے 15 سال میں بھارت میں 100 ارب امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کی عہد بستگی کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ TEPA سے خصوصی معلومات فراہم کرکے اور تجارت اور سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول پیدا کرکے، بھارت کے برآمد کاروں کو اختیارات حاصل ہوں گے۔ اِس سے بھارت میں بنائی گئی اشیا کی برآمدات کو فروغ حاصل ہوگا اور مزید مارکیٹوں تک رسائی کیلئے خدمات کے شعبے کو بھی موقعے فراہم ہوں گے۔

آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......

تجارت اور صنعت کی وزارت کے مطابق اس سال فروری سے ایک مخصوص EFTA ڈیسک شروع کیا گیا ہے، جو بھارت میں سرمایہ کاری اور اسے وسعت دینے کے مقصد سے EFTA کے کاروبار میں مدد دینے کے لیے ایک ہی جگہ پر سبھی سہولیات دستیاب کرانے والا نظام ہے۔

یہ ڈیسک لگاتار تجارتی و سرکاری مذاکرات کو فروغ دینے اور بھارت اور EFTA شراکت داروں کے درمیان سرگرمیوں کے جاری رکھنے کو یقینی بنانے کا کام انجام دے گا۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

UPS Date Extend

حکومت نے یونیفائیڈ پنشن اسکیم UPS کے انتخاب کے لیے حتمی تاریخی میں دو ماہ یعنی اس سال 30 نومبر تک توسیع کر دی ہے۔ یہ موجودہ اہل ملازمین، ماضی میں ریٹائر ہوئے ملازمین اور انتقال کر گئے ریٹائر ملازمین کے شوہر یا اہلیہ جنہوں نے قانونی طور پر شادی کی ہو، کے لیے ہے۔ اس سے پہلے آخری تاریخ 30 ستمبر تھی۔ وزارت خزانہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ UPS کے تحت حال ہی میں مختلف مثبت تبدیلیوں کا اعلان کیا گیا ہے، جن میں تبدیلی کا متبادل، استعفیٰ دینے پر فوائد، لازمی ریٹائرمنٹ اور ٹیکس میں چھوٹ شامل ہے۔ وزاررت نے کہا کہ مختلف فریقوں کی طرف سے درخواستیں موصول ہوئی ہیں کہ ان تبدیلیوں کے تناظر میں متبادل کا استعمال کرنے کے لیے ملازمین کو کچھ اور مہلت دینے کی ضرورت ہے۔×

GST Reforms Education Items

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس یومِ آزادی کی اپنی تقریب میں لال قلعے کی فصیل سے اگلے سلسلے کی GST اصلاحات، دیوالی تک کر دیے جانے کا اعلان کیا تھا۔ GST کونسل نے 3 ستمبر کو شرحوں کو معقول بنا کر اور کئی شعبوں میں ٹیکس کی شرحوں میں کٹوتی کر کے اُن کے اِس خواب کو پورا کیا۔ اِس طرح شہریوں کی زندگی مزید سہولت آمیز ہو گئی۔ اِن اصلاحات سے مختلف اشیاء اور خدمات پر عائد ٹیکس شرحوں کو کم کر کے شہریوں کو خاطر خواہ راحت مل رہی ہے۔ آج ہم اسٹیشنری کی چیزوں پر عائد GST میں کٹوتی کے بارے میں ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔

VC - Drishti

تعلیم تک رسائی کو بہتر بنانے اور سبھی لوگوں اور طلبا کیلئے اِسے کم خرچ بنانے کی سَمت بڑا قدم اٹھاتے ہوئے سرکار نے اسٹیشنری اشیا پر GST شرحیں کم کرکے ایک اہم قدم اٹھایا ہے۔ نئے سلسلے کی GST اصلاحات کے تحت نوٹ بُکس، گراف بکس، Sharpeners اور پینسل جیسی اشیا اور سامان کو پہلے کے 12 فیصد Slab سے مستثنیٰ کردیا گیا ہے۔ اِسی طرح Erasers پر پانچ فیصد کی GST شرح بالکل ختم کردی گئی ہے۔

اِس شعبے میں ٹیکس کٹوتی سے طلبا پر مالی دباؤ کم ہوجائے گا اور مارکیٹ میں اِن اشیا کی خردہ فروخت کو بڑھاوا ملے گا۔ اِس قدم سے لوگوں پر نہ صرف بوجھ کم ہوگا بلکہ پڑھائی کے کام آنے والی اشیا اور سامان کے سستا ہونے سے تعلیم کی حوصلہ افزائی بھی ہوگی۔

دلی سے Drishti Punyani کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.......

## Seva Parv.India's G20 Success

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سُساشن یعنی عوامی خدمات اور اچھی حکمرانی کے منتر کی روشنی میں یکسر تبدیلی اور ترقی کیلئے انتھک کام کرتی رہی ہے۔ آج اِس خصوصی سیریز 'سیوا پرو' میں ہم اِس بات کا ذکر کر رہے ہیں کہ کیسے مودی حکومت نے بھارت کی G20 کامیابی کو نمایاں کیا، جس میں اُس نے عالمی جنوب کی آواز کو، دور تک پہنچایا اور بھارت کی عالمی قیادت کو مستحکم بنایا۔

## Capsule

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں، بھارت ایک بااثر عالمی رہنماء بن کر اُبھرا ہے۔ 2023 میں G20 کی بھارت کی صدارت نے عالمی جنوب کو فروغ دیا اور ٹھوس نتائج مرتب کیے، جن میں اِس گروپ میں افریقی یونین کو رکنیت دیا جانا اور عالمی بایو ایندھن اتحاد کا آغاز بھی شامل ہے۔ صدارت کے موضوع وسودھیو کُٹم بَکم سے بھارت کی تہذیبی اقدار اور عالمی تعاون کی خواہش کا اظہار ہوتا ہے۔ نئی دلّی اعلامیے کے تحت اِن اہم ترجیحات میں تعاون کے ایک نئے جذبے کا اظہار کیا گیا۔ اِن سرگرمیوں میں، پالیسی میں مماثلت، معتبر تجارت اور آب و ہوا سے متعلق کارروائی پر توجہ دی گئی ہے۔ یہ ایک قابلِ ذکر اعلامیہ ہے، کیونکہ اِس پر سبھی 20 رکن ملکوں نے دستخط کیے تھے، اگرچہ اتفاقِ رائے قائم ہونے میں کافی چیلنجز بھی درپیش رہے۔

افریقی یونین کو G20 کے ایک مستقل رکن کے طور پر شامل کیے جانے سے اِس گروپ میں وسعت پیدا ہوئی اور اِس میں عالمی آبادی کا 80 فیصد حصہ شامل ہو گیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت کی صدارت میں اُن سبھی چھوٹے ملکوں کی طرف سے آواز بلند کی، جنہیں اپنے اجتماعی مفاد کی نمائندگی کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم حاصل ہوا ہے۔

## S/B - PM G20 Byte

## Durga Puja

آج ملک کے مختلف حصوں میں درگا نومی مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ درگا نومی کو مہانومی بھی کہا جاتا ہے اور یہ نوراتری تہوار کے ختم ہونے سے ایک دن پہلے نویں دن منائی جاتی ہے۔

## Song Aarti Maa

آج عقیدتمند دیوی درگا کے نویں اور حتمی اوتار ماں Siddhidatri کی پوجا ارچنا کرتے ہیں۔ اِس دن عقیدتمند کنیا پوجن جیسی رسومات ادا کرتے ہیں اور آشیرواد اور خوشحالی کیلئے دیوی درگا کی پوجا ارچنا کرتے ہیں-x

## Women World Cup

گوہاٹی میں، خواتین کے ایک روزہ میچوں کے کرکٹ ورلڈ کپ کے پہلے میچ میں بھارت نے سری لنکا کو 59 رن سے کراری شکست دی۔ بارش سے متاثرہ میچ میں ڈک ورتھ لوئس

ضابطے کے تحت سری لنکا کیلئے 271 رن کا نشانہ طے کیا گیا تھا، لیکن سری لنکا کی ٹیم 45 اوورس اور چار گیندوں میں 211 رن ہی بنا سکی۔

اِس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے مقررہ 47 اوورس میں 8 وکٹ پر 269 اسکور کیے۔ سری لنکا نے ٹاس جیت کر گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

بھارت کی طرف سے Amanjot Kaur نے سب سے زیادہ 57 رن بنائے۔ بارش سے متاثرہ میچ کو 47 اوورس کا کردیا گیا تھا۔ بھارت کی Deepti Sharma کو میچ کی بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔x

## WB Maha Nabami

مغربی بنگال میں مہا نومی پوجا آج صبح شروع ہوگئی ہے۔ ہمارے کولکاتہ کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ Vishuddha Siddhanta کے مطابق مہا نومی کی پوجا آج صبح سویرے پانچ بج کر 40 منٹ پر شروع ہوئی۔ شام کو سندھیا آرتی اور دیگر رسومات ادا کی جائیں گی۔x

## International Day Older Persons

سماجی انصاف اور بااختیار بنانے کے محکمے کی وزارت آج بزرگ افراد کا بین الاقوامی دن منائے گی۔ وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس پروگرام میں بزرگ شہریوں کیلئے ایک باوقار اور سہولت آمیز نظام قائم کرنے کے سرکار کے عہد کو اجاگر کیا جائے گا اور "وقار کے ساتھ ضعیف العمری" کے موضوع پر زور دیا جائے گا۔

مذکورہ پروگرام کے دوران دفاع کی وزارت ٹیلی کمیونکیشن Consultants انڈیا لمیٹڈ اور Birla Open Minds فاؤنڈیشن کے درمیان ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے جائیں گے۔x

## Delhi Govt. Malhotra

دلّی سرکار نے BJP کے سینئر رہنماء پروفیسر وِجے کمار ملہوترا کے انتقال کے بعد آج، ایک دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا ہے۔ جناب ملہوترا دلّی کے پہلے چیف ایگزیکٹو کونسلر اور دلّی BJP کے پہلے صدر تھے۔

وزیر اعلیٰ نے اُن کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور اِسے ایک زبردست اور ناقابلِ تسخیر نقصان قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی سرکار اس بات کو یقینی بنائے گی کہ اُن کی آخری رسوم پورے اعزاز کے ساتھ ادا کی جائیں۔x

## Morn. Phillippines Quake

وسطی فلپنز میں 6 اعشاریہ 9 شدّت کا زلزلہ آیا تھا، اُس میں مرنے والوں کی تعداد 22 ہو گئی ہے۔ یہ خبر مقامی میڈیا نے Cebu صوبائی اطلاعاتی دفتر کی جانکاری کی بنیاد پر دی ہے۔ یہ خبر DZMM ریڈیو سے موصول ہوئی تھی کہ کل رات کے اِس زلزلے کے بعد

صوبے میں بچاؤ کارکنوں نے لاشوں کی تلاش کا کام انجام دیا۔ اِس زلزلے میں عمارتوں اور سڑکوں کو نقصان پہنچا اور خطّے کے کئی علاقوں میں بجلی ٹھپ ہو کر رہ گئی۔

قدرتی آفات سے نمٹنے سے متعلق محکمے کے افسر Rex Ygot نے بتایا کہ زلزلے کا مرکز Bogo کے تقریباً 17 کلو میٹر شمال مشرق میں تھا، جو Cebu صوبے میں تقریباً 90 ہزار لوگوں کی آبادی پر مشتمل ایک ساحلی شہر ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ انقلاب نے غزہ میں جنگ بندی منصوبے سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار لکھتا ہے غزہ میں جنگ بندی منصوبے کا اعلان، خدشات برقرار۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس سرخی دیتا ہے وزیر اعظم مودی نے ٹرمپ کی طرف سے غزہ کے امن منصوبے کا خیر مقدم کیا۔ اخبارات نے بہار میں حتمی ووٹر لسٹ جاری ہونے سے متعلق خبر کو بھی اہمیت دی ہے۔ اخبار پرتاپ نے دلّی کے سرکردہ بی جے پی رہنماء پروفیسر وِجے کمار ملہوترا کے انتقال اور وزیر اعظم مودی کے اظہار تعزیت سے متعلق خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔

اخباروں کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں

* مڈغاسر کے صدر کا حکومت تحلیل کرنے کا اعلان۔

* امریکہ نے 100 ایرانیوں کو ملک بدر کر دیا۔

* گلوبل صمود فلوٹیلا 4 دن میں غزہ پہنچے گا۔ حفاظت کے لیے 18 اراکین کانگریس نے امریکی وزیر خارجہ کو خط لکھا۔

* ویتنام میں سمندری طوفان سے 19 لوگوں کی موت۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج صبح نئی دلی میں، راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ کے قیام کو 100 سال پورے ہونے کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔

2- رِزرو بینک آج اپنی دو ماہی مالی پالیسی کا اعلان کرے گا۔

3- بھارت اور EFTA کے چار ملکوں کے درمیان آزاد تجارت کا سمجھوتہ آج سے نافذ ہو رہا ہے۔

4- سرکار نے Unified پینشن اسکیم اختیار کرنے کیلئے وقت کی حد اِس سال 30 نومبر تک بڑھادی ہے۔

5- درگا نومی آج ملک کے مختلف حصوں میں مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔

6- اور کرکٹ میں: گوہاٹی میں خواتین کے ICC ورلڈ کپ کے پہلے میچ میں بھارت نے ڈک ورتھ لوئس ضابطے کے تحت سری لنکا کو 59 رن سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------